# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اُردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اسالیبِ نثر اردو۔ا (5609) سمسٹر: خزاں 2025

سطح: ایم اے (اردو)

براہِ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4 ۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF) یا Word فارمیٹ میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1 تا 4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

ا۔ اسلوبِ نثر کی تعریف بیان کیجیے۔ اس کے ساتھ اس کی ہیئتی خصوصیات پر بھی گفتگو کریں۔ 20

۲۔ تخیل سے معمور نثر کن اجزائے ترکیبی سے تشکیل پاتی ہے؟ تین اہم اجزا کے تناظر میں اس پر تفصیلی روشنی ڈالیں۔ 20

۳۔ ''سب رس'' کے خلاصے کے ساتھ ساتھ یہ وضاحت بھی کریں کہ یہ تمثیلی داستان کس فکری و تہذیبی پس منظر میں لکھی گئی۔ 20

۴۔ مرزا غالب کے نثری مجموعے ''اردوئے معلی'' میں اُن کے اسلوب کی کیا امتیازی خصوصیات ہیں؟ ان کی تحریر میں ان کی شخصیت اور عہد کی جھلک کیسے نظر آتی ہے؟ 20

۵۔ میر مہدی مجروح کے نام غالب کے خطوط کی روشنی میں اُن کے نثری اسلوب پر ایک مختصر مگر جامع تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ 20

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5 تا 9)

کل نمبر: 100

۱۔ کیا سرسید احمد خاں کو اردو ادبی نثر کے بنیاد گزار کہا جا سکتا ہے؟ اُن کے نثری مضامین کی روشنی میں مدلل جواب تحریر کریں۔ 20

۲۔ شبلی نعمانی کی نثر میں شاعرانہ اثرات کیسے شامل ہیں؟ ان کے نثری اسلوب میں شعریت کے مظاہر پر نوٹ لکھیں۔ 20

۳۔ شبلی کی نثری تحریروں میں جو شعری فضا پیدا ہوتی ہے، اس کی ساخت اور اثر آفرینی پر تفصیلاً روشنی ڈالیں۔ 20

۴۔ ''حیاتِ جاوید'' کے مطالعے کی روشنی میں الطاف حسین حالی کے نثر نگاری کے اسلوب کا تجزیہ پیش کریں۔ 20

۵۔ درج ذیل موضوعات پر مختصر نوٹ تحریر کریں: 20

- سرسید کی ادبی نثر نگاری
- سرسید کی اہم نثری تصانیف کا مختصر جائزہ